## حصہ ۔ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ سائنس ________ نہیں ہے۔

(الف) غور وخوض (ب) تجربات (ج) جانچ پڑتال (د) روایات

۲۔ کتاب القانون مسلم سائنسدان کی تحریر کردہ ہے جس کا نام ________ ہے۔

(الف) البیرونی (ب) الرازی (ج) ابن الہیثم (د) بوعلی سینا

۳۔ سائنس ہمیں ________ سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔

(الف) ہمارا ماحول (ب) ہماری حکومت کی ساخت (ج) انسانی ربط (د) تمام جوابات

۴۔ فطرت میں پائی جانے والی سب سے سخت چیز ________ کہلاتی ہے۔

(الف) ہیرا (ب) گریفائیٹ (ج) لیڈ (د) میگنیشم

۵۔ بلحاظ حجم ہوا میں آکسیجن کی مقدار ________ ہے۔

(الف) 72.90% (ب) 20.99% (ج) 74.51% (د) 31%

۶۔ ایک جاندار کے جسم میں نامیاتی مرکبات کی تیاری ________ کہلاتی ہے۔

(الف) میٹابولزم (ب) اینابولزم (ج) کیٹابولزم (د) کینی بولزم

۷۔ کاربوہائیڈریٹس کے ہاضمے سے مراد آخر کار ان کا ________ میں تبدیل ہو جانا ہے۔

(الف) گلوکوز (ب) فرکٹوز (ج) مالٹوز (د) سکروز

۸۔ ہم ________ کیلئے خوراک کھاتے ہیں۔

(الف) بھوک مٹانے (ب) توانائی حاصل کرنے (ج) ذائقے سے لطف اندوز ہونے

(ج) زندہ رہنے

۹۔ ________ متوازن غذا کی نمائندہ ہے۔

(الف) مچھلی (ب) سیب (ج) انڈا (د) دودھ

۱۰۔ بی سی جی (BCG) ویکسین ________ بیماری کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

(الف) انفلوئنزا (ب) تشنج (ج) تپ دق (د) ہیضہ

۱۱۔ ذہنی مرض (Psychosis) بیماری ________ کی ایک قسم ہے۔

(الف) شائنزوفرینیا (ب) فکر (ج) اعصابی تناؤ (د) ذہنی دباؤ

۱۲۔ گرم خانہ اثر زمین کی فضا کو ________ رکھتا ہے۔

(الف) گرم (ب) ٹھنڈا (ج) سبز (د) زرخیز

۱۳۔ ہمیں غذا سے جو توانائی حاصل ہوتی ہے وہ ________ ہے۔

(الف) میکانکی توانائی (ب) مخفی توانائی (ج) حرکی توانائی (د) حرارتی توانائی

۱۴۔ ایروسول (aerosol) ________ ہے۔

(الف) نقصان دہ گیس (ب) نہایت چھوٹے ذرات جو ہوا میں معلق رہیں

(ج) تابکار اشیاء (د) آبی بخارات

۱۵۔ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن ________ میں قائم کی گئی۔

(الف) 1973ء (ب) 1963ء (ج) 1975ء (د) 1962ء

۱۶۔ پاکستان کی قومی سائنس کونسل ________ میں قائم کی گئی تھی

(الف) 1962ء (ب) 1963ء (ج) 1972ء (د) 1973ء

۱۷۔ پلاسٹک کی صنعت کو ________ کی صنعت کی مدد حاصل نہ ہونے کے باعث نقصان پہنچ چکا ہے۔

(الف) چینی (ب) اسٹیل (ج) سیمنٹ (د) پیٹروکیمیکل

۱۸۔ ________ خلائی تحقیق کے نتیجے میں پیدا ہونے والی نئی سائنس اور ٹیکنالوجی ہے۔

(الف) خلائی انجینئرنگ (ب) خلائی سفر (ج) خلائی علم (د) خلائی سائنس

۱۹۔ نائٹروجن کا یوریا میں ________ بصد تناسب ہے۔

(الف) 36 (ب) 52 (ج) 46 (ج) 42

۲۰۔ بہترین خوراک کا مطلب ________ ہے

(الف) اچھی طرح پکا ہوا کھانا (ب) بھرپور غذا (ج) سادہ غذا (د) متوازن غذا

## حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

**نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 10 سوالات کے جواب دیں، ہر سوال کے 05 نمبر ہیں۔**

سوال ۲۔ ٹیکنالوجی کیا ہے؟

سوال ۳۔ سائنس کے میدان میں یعقوب الکندی کی خدمات بیان کریں۔

سوال ۴۔ روزمرہ زندگی میں مستعمل کوئی سے دس نامیاتی عناصر کے نام لکھئے۔

سوال ۵۔ منتخب کردہ افزائش نسل جنیاتی انجینئرنگ سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔ کیوں؟

سوال ۶۔ ویکسینز لاکھوں انسانوں کی زندگی کے بچا رہی ہیں؟

سوال ۷۔ قلتی بیماریاں Deficiency diseases کیا ہیں؟

سوال ۸۔ ابتدائی طبی امداد کیا ہے؟

سوال ۹۔ روغنیات اور معدنیات اصطلاحات کی وضاحت کریں۔

سوال ۱۰۔ دواؤں کی لت سے کیا مراد ہے؟ عام منشیات کے نام بتائیں اور اثرات بتائیں۔

سوال ۱۱۔ آلودگی کیا ہے؟ پینے کا پانی اور کھانے کیسے آلودہ ہوتے ہیں؟

سوال ۱۲۔ انسانی آبادی کے پھیلاؤ سے کیا مراد ہے؟

سوال ۱۳۔ حرکی توانائی سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

سوال ۱۴۔ ٹیلی وژن کی پکچر ٹیوب کی تعریف کریں

سوال ۱۵۔ چند کمپیوٹر نیٹ ورکس کے نام لکھیں۔

## حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

**نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔**

سوال ۱۶۔ پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

سوال ۱۷۔ بیماریوں کے علاج کیلئے تشخیص میں ایکس ریز اور الٹرا ساؤنڈ کا کردار بیان کریں۔

سوال ۱۸۔ پاکستان کے نیوکلیئر پروگرام پر روشنی ڈالیں۔

سوال ۱۹۔ زرعی ترقی میں گندھک (سلفر) کے عنصر کی اہمیت واضح کریں۔

سوال ۲۰۔ انسانی خون کی ترکیب اور کاموں پر بحث کریں۔

www.ilmkidunya.com
www.ilmkidunya.com